www.KitaboSunnat.com

کیونکہ یہ "صرف قومی اور انسانی فریضہ نہیں بلکہ دینی داعیہ بھی ہے۔

مختلف قائدین اور دینی بزرگوں نے اس حادثہ پر سخت صدمے اور رنج کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ ان مصیبت کے ماروں کی دل کھول کر مدد کی جائے اور ساتھ ساتھ توبہ بھی کی جائے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں اس آزمائش میں نہ ڈالے۔ یہاں توبہ افراد کی طرف سے کافی نہیں ہے بلکہ پوری قوم خدا کے حضور جھک کر اس سے معافی مانگے اور عہد کرے کہ الٰہی ہم تیرے فرمانبردار بن کر رہیں گے۔

دنیا کے اس زلزلے سے ہمارے اوسان خطا ہو گئے ہیں اور اس پر ہمیں جتنی بھاگ دوڑ کرنا پڑی ہے یا احتیاطی تدابیر اختیار کرنا پڑی ہیں ہم سب کو معلوم ہیں، لیکن اس کے علاوہ ایک اور عظیم زلزلہ بھی درپیش ہے جسے ابھی تک ہماری آنکھوں سے مخفی رکھا گیا ہے، جو اس سے کہیں ہمہ گیر، خوفناک اور تباہ کن ہو گا، اس کے لیے بھی کچھ فکر کیجیے، یہاں کے زلزلے تو بے خبری میں آتے ہیں لیکن خدا نے ہمیں اس سے مدتوں پہلے خبردار کر دیا ہے کہ اس گھڑی سے خبردار رہو۔

يَا أَيُّهَا النَّاسُ اتَّقُوا رَبَّكُمْ إِنَّ زَلْزَلَةَ السَّاعَةِ شَيْءٌ عَظِيمٌ ○ يَوْمَ تَرَوْنَهَا تَذْهَلُ كُلُّ مُرْضِعَةٍ عَمَّا أَرْضَعَتْ وَتَضَعُ كُلُّ ذَاتِ حَمْلٍ حَمْلَهَا وَتَرَى النَّاسَ سُكَارَىٰ وَمَا هُم بِسُكَارَىٰ وَلَٰكِنَّ عَذَابَ اللَّهِ شَدِيدٌ (پ ۱۷ ـ الحج ع ۱)

لوگو! اپنے رب کے عذاب سے ڈرو، قیامت کا زلزلہ ایک بڑی مصیبت ہو گی، جس دن وہ تمہارے سامنے آموجود ہو گی ہر دودھ پلانے والی (مارے ڈر کے) اپنے دودھ پیتے بچے کو بھول جائے گی۔ اور جتنی حمل والیاں ہیں سب کے حمل گر پڑیں گے (مارے بدحواسی کے) لوگ متوالے ہو رہے ہوں گے حالانکہ وہ متوالے نہیں بلکہ خدا کا عذاب بڑا سخت ہے (جس کے ڈر سے لوگ بدحواس ہو رہے ہوں گے)

کیا آپ کو یہ "عظیم زلزلہ" بھی یاد ہے؟

قرآن کریم کا وزنی نسخہ

ایک ایرانی خطاط چار سال سے قرآن کریم کے ایک نسخہ کی کتابت میں مصروف ہے جو دنیا کا سب سے بڑا اور وزنی نسخہ ہو گا۔ موتمر عالم اسلامی کے ہفتہ وار رسالے "دی مسلم ورلڈ" نے اپنے تازے شمارے میں خبر دی ہے کہ ایک ایرانی خطاط محمد طالعی اور ان کے چھ خوشنویس بچے قرآن کریم کے اس نسخے کی کتابت کر رہے ہیں۔ اس نسخے کی تکمیل پر مزید بارہ سال لگیں گے۔ کیونکہ ابھی تک صرف ڈیڑھ سو آیتوں کی کتابت ہوئی ہے اور چھ سو صفحات تیار ہوئے ہیں اس نسخے کے صفحات کی لمبائی ساڑھے

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چھ فٹ اور چوڑائی چار فٹ ہے۔ جب نسخہ مکمل ہو جائے گا تو اس کا وزن سات ہزار دو سو ساٹھ پونڈ ہو گا۔ پورے کام پر ڈیڑھ لاکھ ڈالر لاگت آئے گی۔ اس خطاط نے نسخے کے ہر صفحے پر نقش و نگار بنانے کے لیے تین سو رنگ استعمال کیے ہیں۔ (روزنامہ امروز۔ ۱۰ جنوری ۱۹۷۵ء)

صدق اللہ ورسولہ ونشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ ونشھد ان محمداً عبدہ ورسولہ۔ رحمۃ للعالمین صلی اللہ علیہ وسلم نے صدیوں پہلے پیشین گوئی فرمائی تھی کہ، ایک وقت آئے گا کہ:۔

اسلام کا صرف نام رہ جائے گا اور قرآن کے صرف حروف اور نقش و نگار، مساجد بنی ٹھنیں اور آباد مگر روح سے خالی اور ویران ہوں گی۔

یوشك ان یاتی علی الناس زمان لا یبقی من الاسلام الا اسمہ ولا یبقی من القرآن الا رسمہ مساجدھم عامرۃ وھی خراب من الھدی الحدیث (مشکوۃ بحوالہ شعب الایمان)

ہو سکتا ہے کہ اللہ اس کے جذبے اور محنت کا اجر اسے عطا فرمائے۔ لیکن جہاں تک روح قرآن کا تعلق ہے، اس کے تحفظ کا کسی کو کچھ خیال نہیں ـــــ بلکہ قرآنی نظام زندگی کا تصور آتے ہی ان کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں جیسے موت سامنے آ کھڑی ہو، یہ قوم بموں سے لڑ جاتی ہے، آگ سے کھیل سکتی ہے، پہاڑوں سے ٹکرا سکتی ہے، سیلابوں کے رخ موڑ سکتی ہے اور دنیا جہان کی دشمنی کا خطرہ مول لے سکتی ہے، اگر ان کے لیے کوئی چیز ان کے بس سے باہر ہے یا ذوق اور ہمتوں کے لیے جتنے ناقابلِ برداشت ہے تو وہ روح قرآن جیسی جان آفرین حقیقت ہے۔ جو قوم بڑے حوصلے سے سولہ سال قرآن حکیم کے نقش و نگار اور عجائبات کتابت کے لیے صرف کر سکتی ہے، اسی کے لیے یہ مسئلہ جاں گسل ہے کہ وہ قوم اور ملک پورا ایک دن قرآن کو دے سکیں، اس کے پاک سایہ کے نیچے گزار سکیں اور رحمتوں کا جو فیضان قرآن کی وساطت سے ان کو حاصل ہو سکتا ہے، اس کے لیے وہ دو گھڑی انتظار کر سکیں یا اس کو حاصل کر کے وہ خوش ہو سکیں۔

اصل بات یہ ہے کہ: مسلمان اب سستی بخشش کی تلاش میں ہیں، کہ قرآن کی آواز کی تو پرواہ نہ کی جائے لیکن اس کے لفظوں اور حروف کی خدمت کر کے آخرت بنالی جائے اور زندگی میں ہی دنیا سے خراج تحسین وصول کر لیا جائے۔

ہم نے دیکھا ہے کہ، کتابت قرآن کے سلسلے میں بڑی محنتیں ہو رہی ہیں۔ تاج کمپنی، اصح المطابع

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ